پہلی کا دن: اس دن کے روزہ رکھنے کی کافی فضیلت ہے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص پہلی شعبان کا روزہ رکھے بہشت اس کے لئے واجب ہو جاتی ہے سیّد ابن طاؤس نے شعبان کے پہلے تین دن کے روزہ رکھنے اور ان کی راتوں میں دو رکعت نماز کہ جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد ایک مرتبہ اور سورہ قل ھو اللہ گیارہ مرتبہ ہے پڑھنے کا بہت کافی ثواب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سے نقل کیا ہے، معلوم رہے کہ تفسیر منسوب امام حسن عسکری میں ایک خبر شعبان اور اسکی پہلی فضیلت میں بہت پر فوائد موجود ہے اور ہمارے استاد ثقۃ الاسلام نوری نے (خدا ان کی قبر کو روشن کرے) اس خبر کا ترجمہ اپنی کتاب کلمہ طیّبہ کے آخر میں فرمایا ہے چونکہ وہ خبر بہت طولانی ہے لہٰذا ہم اس کا خلاصہ یہاں پیش کرتے ہیں حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا ایک دن ایک گروہ سے جو مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے گذر ہوا اور وہ قضا و قدر کی بحث میں اس قدر مشغول تھے کہ ان کی آوازیں بلند ہو رہی تھیں اور آپس میں سخت قسم کا مباحثہ کر رہے تھے آنحضرت انکے پاس ٹھہرے اور انہیں سلام کیا۔ ان لوگوں نے آنحضرت کے سلام کا جواب دیا اور تعظیم کے لئے کھڑے ہو گئے

صبح و شام کی دعائیں، سند سے امام زین العابدین اور امام جعفر صادق علیہما السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص ہر شام کو سو دفعہ اللہ اکبر پڑھے تو گویا اس نے سو غلام آزاد کئے۔ ایک دوسری صحیح حدیث میں امام محمد باقر علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جو شخص سورج کے نکلنے سے پہلے اور سورج کے غروب ہونے سے پہلے سو دفعہ اللہ اکبر پڑھے تو خداوند عالم اس کے لئے سو غلام آزاد کرنے کا ثواب لکھے گا اور جو شخص دس دفعہ سبحان اللہ وبحمدہٖ پڑھے تو اس کے لئے دس نیکیاں لکھے گا اور جو اس سے زیادہ پڑھے اس کے لئے زیادہ لکھے گا، چوتھے ابن بابویہ نے معتبر سند سے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ حضرت رسول خدا صلی

اور انہوں نے آنحضرت سے ان کے پاس بیٹھنے کی خواہش کی تو آپ نے بے اعتنائی کرتے ہوئے ان سے فرمایا کہ اے گروہ اس چیز کے متعلق بحث و مباحثہ نہ کیا کرو جو تمہیں نفع نہ دے کیا تمہیں معلوم نہیں کہ خداوند عالم کے کچھ بندے ایسے بھی ہیں کہ جنہیں خوف خدا نے ساکت رہنے پر مجبور کیا ہوا ہے بغیر اس کے کہ وہ گونگے یا عاجز ہوں بلکہ جب بھی وہ خداوند عالم کی عظمت کا تصوّر کرتے ہیں تو ان کی زبانیں اللہ کی عزت اور عظمت و جلال کی وجہ سے گونگی ہو جاتی ہیں اور ان کے دل ماند پڑ جاتے ہیں اور ان کی عقلیں مبہوت و پریشان ہو جاتی ہیں اور جب اپنی اس حالت سے افاقہ میں آتے ہیں تو وہ اپنے پاکیزہ کردار سے اللہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں لیکن وہ اپنے نفسوں کو اس حالت میں بھی ظلم کرنے والا اور خطا کار سمجھے ہوئے ہوتے ہیں حالانکہ وہ لوگ افراط و تفریط سے بہت دور ہوتے ہیں لیکن پھر بھی وہ اللہ کے لئے معمولی کردار پر راضی نہیں ہوتے اور اپنے کثیر عمل کو بھی اللہ کے لئے زیادہ نہیں سمجھتے اور ہمیشہ اللہ کے لئے عمل کرنے میں مشغول رہتے ہیں، وہ لوگ ایسے ہیں کہ جب بھی تو انہیں عبادت میں کھڑے ہوئے دیکھے گا تو وہ خوف رکھنے والے مضطرب و ہراسان نظر آئیں گے پس تم جو تازہ وارد ہوئے ہو کہاں ہو ان لوگوں کی نسبت جو ایسے تھے کیا تمہیں معلوم نہیں کہ جو سب لوگوں سے زیادہ عقل مند ہے وہ ان کے ساکت رہنے والے کے برابر ہے اور جو سب لوگوں سے زیادہ جاہل و نادان ہے وہ ان کے سب سے زیادہ بات کرنے والے کے برابر ہے اے تازہ وارد ہونے والو، آج شعبان کی پہلی ہے، خداوند عالم نے اس مہینے کا نام شعبان اس لئے رکھا ہے کہ اس مہینہ عالم میں تمام خیرات منتشر کی جاتی ہے، خداوند عالم نے اس مہینہ میں اپنی نیکیوں کے دروازہ کھول رکھے ہیں اور اللہ نے بہت سستی قیمت اور معمولی کاموں کے ذریعے اپنے قصور اور نیکیوں کو ظاہر کر رکھا ہے پس تمہیں انہیں خرید کر لینا چاہیئے اور جب شیطان ملعون نے اپنے شر کے اقسام اور بلاؤں کو تمہارے سامنے ظاہر کیا تو تم نے ہمیشہ گمراہی و سرکشی میں کوشش کی اور شیاطین کے شرور کی طرف متوجہ ہوئے اور ان نیکیوں سے جن کے دروازے تمہارے لئے کھلے ہوئے ہیں روگردانی کی یہ پہلی شعبان کی ہے اس کی خیرات کے شعبوں سے ہے نماز، روزہ، زکوٰۃ امر بالمعروف نہی عن المنکر والدین اور اقرباء اور ہمسایوں سے نیکی کرنا، اصلاح کرانا، فقراء اور مساکین کے لئے صدقہ دینا ہے اور تم ایسی چیزوں کی مصیبت میں اپنے آپ کو ڈالے ہوئے ہو جو تم سے متعلق نہیں یعنی قضا و قدر اور ذات اللہ کے جس کے متعلق بحث کرنا ہر آدمی کے لئے جائز نہیں کیونکہ ذات الٰہی کے کنہ کے متعلق بحث سے سوائے گمراہی کے کچھ اور حاصل نہیں ہوتا پڑے ہوئے ہو خبردار ہو جاؤ

اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جنت میں چند ایک مکان ہیں کہ جن کا اندر باہر سے اور باہر اندر سے ظاہر ہے اس میں میری امت کا وہ شخص آئے گا جو اچھی بات کرے اور لوگوں کو کھانا کھلائے گا اور جسے بھی ملے اسے سلام کرے اور رات کو اس وقت نماز پڑھے جب کہ لوگ سو رہتے ہیں پھر آپ نے فرمایا کہ اچھی بات یہ ہے کہ ہر صبح و شام دس دفعہ یہ پڑھے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ محاسن برقی میں صحیح سند سے امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایسے شخص کے پاس سے گذرے جو باغ لگا رہا تھا، آپ اس کے پاس ٹھہر گئے اور فرمایا کہ میں

کہ اگر تم کو پتہ ہوتا ان چیزوں کا کہ جو تمہارے پروردگار نے اطاعت کرنے والے بندوں کے لئے مہیا کر رکھی ہیں البتہ تم ایسی بحثوں میں نہ پڑے رہتے کہ جس میں تم آج کے دن دکھائی دے رہے ہو اور تم مشغول ہوتے ان چیزوں میں کہ جن کا تمہیں آج کے دن حکم ہوا ہے انہوں نے عرض کی یا امیر المومنین علیہ السلام وہ کونسی چیزیں ہیں کہ جن کو آج کے دن میں اطاعت کرنے والوں کے لئے خداوند عالم نے مہیا کر رکھا ہے تو آپ نے اس لشکر کا قصہ ان کے سامنے نقل فرمایا کہ جسے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کفار کے ساتھ جہاد کرنے کے لئے بھیجا تھا اور ان کے دشمنوں نے تاریک رات میں جبکہ مسلمانوں کا لشکر رات کو سوئے ہوئے تھا شبخون ڈالا تھا اور ان میں سے سوائے زید بن حارث و عبداللہ بن رواحہ وقتادہ بن نعمان وقیس بن عاصم منقری کے کوئی بھی نہیں جاگ رہا تھا لیکن یہ حضرات ایک ایک گوشہ میں نماز و قرآن میں مشغول تھے اور بیدار رہتے دشمنوں نے مسلمانوں پر تیر پھینکنے شروع کر دیئے اور چونکہ وہ رات کی تاریکی کی وجہ مسلمانوں کے لشکر کو نہیں دیکھ رہے تھے تاکہ وہ ان کی کثرت سے ڈرنے قریب تھا کہ مسلمانوں پر ٹوٹ کر انہیں ہلاک کر دیں اچانک ان چند حضرات کے مبارک چہروں سے ایک ایسی روشنی بلند ہوئی جو تمام مسلمانوں کے لشکر پر پھیل گئی جس کی وجہ سے مسلمانوں میں قوت وشجاعت آگئی مسلمان تلوار نکال کر دشمنوں پر حملہ آور ہوئے اور انہیں اسیر کر لیا اور جب واپس لوٹے تو انہوں نے اس واقعہ کی کیفیت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان کی تو آنحضرت نے فرمایا کہ یہ نور تمہارے بھائیوں میں شعبان کے پہلی میں عبادت کرنے کی وجہ سے تھا اس کے بعد آنحضرت نے شعبان کے اعمال ایک ایک کر کے بیان فرمائے یہاں تک کہ آنحضرت نے فرمایا کہ جب شعبان کی پہلی ہوتی ہے تو شیطین اپنے لشکر کو اطراف واقاف عالم میں بھیجتا ہے اور ان سے کہتا ہے کہ تم اللہ کے بندوں کو آج کے دن اپنی طرف کھینچنے کی کوشش کرو اور خداوند عالم آج کے دن ملائکہ کو اطراف عالم میں بھیجتا ہے اور ان سے فرماتا ہے کہ میرے بندوں کو آج کے دن اچھی طرح سے حفاظت میں رکھو اور ان کو نیکی کی طرف ارشاد کرو سب میرے بندے تمہاری وجہ سے نیک بخت ہو جائیں گے سوائے ان کے جو سرکش اور متمرد ہوں اور وہ شیطین کے گروہ سے ہوں گے اور یہ حقیقت ہے کہ جب پہلی شعبان کی ہوتی ہے تو خداوند عالم جنت کے دروازوں کو کھل جانے کا حکم دیتا ہے اور وہ کھل جاتے ہیں اور طوبےٰ کے درخت کو امر کرتا ہے اور وہ اس دنیا کے نزدیک اپنی شاخوں کو کر دیتا ہے اس وقت اللہ کی طرف

صبح وشام کی دعائیں

تجھے ایسا باغ بتلاؤں جو تیرے اس باغ سے زیادہ پائیدار ہے، اور جس کا میوہ پاکیزہ اور جلدی ہوتا ہے اس نے عرض کی ہاں، اے خدا کے رسول تو آپ فرمایا کہ ہر صبح اور شام یہ پڑھا کر سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کیونکہ ہر تسبیح کے عوض تیرے لئے جنت میں مختلف قسم کے میوہ اور درخت لگائے جائیں گے اور یہی چیزیں باقیات صالحات میں سے ہیں کہ جسے خدا نے قرآن میں فرمایا کہ وہ دنیا کے مال کی نسبت پائیدار اور پاکیزہ تر ہیں۔ پانچویں۔ ابن بابویہ نے معتبر سند سے حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص شام کے نزدیک اور شام کے

سے منادی ندا کرتا ہے کہ اے اللہ کے بندو! یہ طوبی درخت کی شاخیں ہیں ان سے لپٹ جاؤ تمہیں جنت کی طرف بلند کریں گی اور یہ زقوم درخت کی شاخیں ہیں ان سے ڈرتے رہو کہیں تمہیں دوزخ کی طرف نہ لے جائیں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اس ذات کی قسم ہے کہ جس نے مجھے رسالت پر مبعوث فرمایا کہ جو شخص آج کے دن کسی نیکی اور اچھائی کو اپنا لے تو وہ طوبی کے درخت کی شاخوں سے لٹک گیا اور وہ اسے جنت کی طرف لے جائیں گی اور جو شخص آج کے دن کسی برائی پر عمل پیرا ہو گا تو وہ زقوم درخت کے شاخوں میں سے کسی سے لپٹا ہوا ہے اور وہ اسے آگ کی طرف کھینچ لے جائیں گی پھر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو آج کے دن نماز پڑھے یا روزہ رکھے تو وہ بھی گویا طوبے کے درخت کی شاخوں سے لپٹ گیا اسی طرح جو شخص میاں اور بیوی یا باپ بیٹے یا اقربا یا ہمسائے کے میاں بیوی یا کسی اجنبی میاں بیوی میں صلح کرادے تو وہ بھی گویا طوبی کی شاخوں سے لپٹ گیا اور جو شخص اس شخص کی پریشانی میں تخفیف دے یا کم کردے کہ جس سے کچھ طلب گار ہے تو وہ بھی طوبے کی شاخوں سے لپٹ گیا، اور جو شخص کسی ایسے پرانے قرض کو دیکھ لے کہ جس کا طلب گار اس سے ناامید ہو چکا تھا اور یہ اس کا ایسا قرض ادا کر دے تو وہ بھی طوبے کے درخت سے لپٹ گیا اور جو شخص کسی یتیم کا کفیل ہو جائے تو وہ بھی شاخوں سے لپٹ گیا، اور جو شخص کسی مومن کی عزت کو سفیہہ و نادان سے محفوظ رکھے تو وہ بھی اسکی شاخوں سے لپٹ گیا اور جو شخص قرآن اور اسکے کچھ حصہ کو پڑھے تو وہ بھی اسکی شاخوں سے لپٹ گیا اور جو شخص اللہ کی یاد میں رہے اور اس کی نعمتوں کو شمار کرکے شکر بجا لائے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹ گیا اور جو شخص کسی مریض کی بیمار پرسی کرے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص اپنے ماں باپ یا ان میں سے ایک کے ساتھ نیکی و احسان کرے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص آج کے پہلے کسی کو غضب ناک کر چکا ہو اور آج کے دن اسے خوش کردے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص جنازہ کی تشییع کرے وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص آج کے دن کسی مصیبت کے مارے کو تسلی دے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اسی طرح جو شخص بھی آج کے دن کوئی خیر کام انجام دے لے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا پھر اس وقت حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے قسم ہے اس ذات کی کہ جس نے مجھے پیغمبر بنا کر مبعوث فرمایا ہے کہ جو شخص شر کی کسی قسم اور گناہ کو آج کے دن بجا لائے تو وہ زقوم کے درخت کی شاخوں سے لپٹ گیا اور وہ اس کو جہنم کی طرف کھینچ کر لے جائے گا۔ پھر فرمایا کہ مجھے قسم ہے اس ذات کی کہ جس نے مجھے پیغمبر بنایا کہ جو شخص بھی آج کے دن واجب نماز

بعد تک اس ایت کو تین مرتبہ پڑھے تو اس رات میں کوئی اچھائی اس سے فوت نہ ہوگی اور تمام شر و برائیاں اس سے دور ہوں گی اور یہی ثواب اس کے لئے ہوگا جو اسے صبح کے وقت بھی پڑھے۔ وہ ایت یہ ہے فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ تُصْبِحُونَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا وَحِينَ تُظْهِرُونَ چھٹے برقی نے محاسن میں موثق سند سے امام رضا علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص تین دفعہ صبح اور تین دفعہ شام یہ پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ تو وہ شخص شیطان سے بھی نہیں ڈرے گا۔ اور نہ بادشاہ سے اور نہ برص اور نہ

میں کوتاہی کرکے اسے ضائع کر دے تو وہ بھی زقوم کے درخت کی شاخوں سے لپٹ گیا، اور جس شخص کے پاس کوئی ایسا فقیر ضعیف و ناتواں آئے کہ جس کی بدحالی کو یہ جانتا ہے اور وہ اس کی اس حالت کے بدلنے پر بغیر اپنا ضرر کئے قادر ہے اور کوئی دوسرا آدمی اس کی اس کے بدلہ اس پریشان حال کی مدد کرنے والا نہ ہو اور وہ اس کو اس حالت پر چھوڑ دے اور وہ وہیں ہلاک و ضائع ہو جائے اور یہ اس کا ہاتھ نہ پکڑے تو یہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹا اور جس شخص سے کوئی بدکار انسان عذر خواہی کرے اور یہ اسے اس کی برائی جتنی سزا سے کچھ زیادہ سزا دے اور اس کی برائی جتنی مقدار پر اکتفاء نہ کرے تو یہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص میاں بیوی یا باپ بیٹے یا بھائی بھائی یا بہن سے یا کسی رشتہ دار یا کسی ہمسایہ یا دو دوستوں میں تفرقہ ڈالے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص کسی تنگ دست پر کہ جس کی اس حالت کو جانتا ہے سختی کرے اور اس کے مصائب پر اس غصّہ کا اضافہ کرے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جس شخص پر کسی کا قرضہ ہو اور یہ اس کا انکار کر دے اور کوشش کرکے اس کے قرضہ کو باطل کر دے تو یہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص کسی یتیم کو تکلیف دے اور اس پر ظلم کرے اور اس کے مال کو تباہ کرے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص کسی مومن کی عزت کو خود برباد کرے اور لوگوں کو اس پر برانگیختہ کرے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص اس طرح گانا گائے کہ اس کے گانے سے لوگ گناہوں میں پڑیں تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص جنگ میں اپنے برے کاموں اور دوسرے ظلم کے اقسام کو بیٹھ کر ذکر کرکے ان پر فخر کرے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص اپنے مریض ہمسایہ کی بیمار پرسی اس کو کمتر سمجھتے ہوئے نہ کرے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جس شخص کا ہمسایہ مر جائے اور وہ اسے خوار و ذلیل سمجھتے ہوئے اس کی تشیع نہ کرے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص مصیبت زدہ سے روگردانی کرے اور اس پر محض ذلیل و خوار سمجھتے ہوئے ظلم کرے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص ماں باپ یا ان میں سے کسی ایک کا عاق ہو جائے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا، اور جو شخص اپنے ماں باپ کا آج سے پہلے عاق ہوا اور وہ انہیں آج کے دن باوجود قادر ہونے کے خوش نہ کرے تو وہ بھی اس کی شاخوں سے لپٹا اسی طرح جو شخص بھی ان کے علاوہ اور کوئی برائی کا کام کرے تو بھی اس کی شاخوں سے لپٹا، مجھے قسم ہے اس ذات کی کہ جس نے مجھے پیغمبر بنایا کہ جو طوبیٰ کے درخت کی شاخوں سے لپٹے ہوئے ہوں گے وہ انہیں بلند کرکے جنّت میں پہنچائیں گی۔ اس کے بعد

صبح و شام کی دعائیں، جذام سے آنحضرت نے فرمایا کہ میں خود اسے سو دفعہ پڑھتا ہوں، صبح اور شام کی تعقیبات میں سات دفعہ پڑھنا گذر چکا ہے، ساتویں معتبر سند سے امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ ایک شخص جناب رسول خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں چند دن حاضر نہیں ہوا تو حضور نے اس شخص سے اس کے غائب رہنے کا سبب پوچھا تو اس نے عرض کیا کہ تنگ دستی و بیماری کی وجہ سے آپ نے فرمایا کہ کیا تجھے ایسی دعا بتلاؤں کہ جس کے پڑھنے سے فقر و بیماری تجھ سے دور ہو جائے اس نے عرض کی ہاں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے اپنی نگاہ مبارک تھوڑی دیر کے لئے آسمان کی طرف بلند کی اور ہنس کر خوش ہوئے اور پھر اپنی نگاہ کو زمین پر ڈالا اور آپ کا چہرہ مبارک ترش ہوا اور اپنے اصحاب کی طرف نگاہ کر کے فرمایا قسم ہے اس ذات کی کہ جس نے محمد کو پیغمبر بنایا میں نے درخت طوبےٰ کو بلند ہوتے اور ان لوگوں کو جنّت کی طرف بلند کرتے دیکھا جو اس کی ایک شاخ یا کئی ایک شاخوں سے اپنی اطاعت کے لحاظ سے چمٹے ہوئے تھے اور میں نے زید بن حارثہ کو اس کی کئی ایک شاخوں سے پلٹے ہوئے دیکھا ہے اور وہ شاخیں اسے جنت کے اعلےٰ علیین کی طرف بلند کر رہی ہیں میں اسی وجہ سے ہنس پڑا اور خوش ہوا، پھر میں نے جب زمین کی طرف نگاہ ڈالی تو قسم ہے اس ذات کی کہ جس نے مجھے پیغمبر بنایا کہ میں نے زقّوم کے درخت کو دیکھا کہ اس کی شاخیں نیچے کی طرف جا رہی ہیں اور ان لوگوں کو جو اس کی ایک شاخ سے یا کئی ایک شاخوں سے اپنی نافرمانی اور برے کاموں کی وجہ سے چمٹے ہوئے کی نیچے کی طرف جہنم کی طرف جا رہی ہیں اور میں بعض منافقین کو دیکھ رہا تھا کہ وہ کئی ایک شاخوں سے چمٹے ہوئے تھے اور وہ انہیں جہنم کے آخری طبقہ کی طرف لے جا رہی ہیں اسی وجہ سے مجھ پر آثار کبیدگی ظاہر ہوئے۔ **تیسری شعبان کا دن** یہ مبارک دن ہے شیخ نے مصباح میں فرمایا ہے کہ آج کے دن جناب امام حسین علیہ السلام کی ولادت ہوئی اور امام حسن عسکری علیہ السلام کے وکیل قاسم بن علا ہمدانی کی طرف فرمان صادر ہوا کہ جمعرات تین شعبان کو جناب امام حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی ہے پس تم اس دن روزہ رکھو اور یہ دعا بھی اس دن پڑھو اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْمَوْلُوْدِ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ بِشَهَادَتِهٖ قَبْلَ اسْتِهْلَالِهٖ وَوِلَادَتِهٖ بَكَتْهُ السَّمَآءُ وَمَنْ فِيْهَا وَالْاَرْضُ وَمَنْ عَلَيْهَا وَلَمَّا يَطَاْ لَابَتَيْهَا قَتِيْلِ الْعَبْرَةِ وَسَيِّدِ الْاُسْرَةِ الْمَمْدُوْدِ بِالنُّصْرَةِ يَوْمَ الْكَرَّةِ الْمُعَوَّضِ مِنْ قَتْلِهٖ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ نَسْلِهٖ وَالشِّفَآءَ فِيْ تُرْبَتِهٖ وَالْفَوْزَ مَعَهٗ فِيْ اَوْبَتِهٖ وَالْاَوْصِيَآءَ مِنْ عِتْرَتِهٖ بَعْدَ قَآئِمِهِمْ وَغَيْبَتِهٖ حَتّٰى يُدْرِكُوا الْاَوْتَارَ وَيَثْاَرُوا الثَّارَ وَيُرْضُوا الْجَبَّارَ وَيَكُوْنُوْا خَيْرَ اَنْصَارٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مَعَ اخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اَللّٰهُمَّ فَبِحَقِّهِمْ اِلَيْكَ اَتَوَسَّلُ وَاَسْئَلُ سُؤَالَ مُقْتَرِفٍ مُعْتَرِفٍ مُسِيْٓءٍ اِلٰى نَفْسِهٖ مِمَّا فَرَّطَ فِيْ يَوْمِهٖ وَاَمْسِهٖ يَسْئَلُكَ الْعِصْمَةَ اِلٰى مَحَلِّ رَمْسِهٖ اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعِتْرَتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ وَبَوِّئْنَا مَعَهٗ دَارَ الْكَرَامَةِ وَمَحَلَّ الْاِقَامَةِ اَللّٰهُمَّ وَكَمَا اَكْرَمْتَنَا بِمَعْرِفَتِهٖ فَاَكْرِمْنَا بِزُلْفَتِهٖ وَارْزُقْنَا مُرَافَقَتَهٗ وَسَابِقَتَهٗ وَاجْعَلْنَا مِمَّنْ يُسَلِّمُ لِاَمْرِهٖ وَيُكْثِرُ الصَّلٰوةَ عَلَيْهِ عِنْدَ ذِكْرِهٖ وَعَلٰى جَمِيْعِ اَوْصِيَآئِهٖ وَاَهْلِ

صبح و شام کی دعائیں
تو آپ نے فرمایا کہ ہر صبح و شام یہ دعا پڑھا کرو لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا
آٹھویں بہت کافی معتبر روایات میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ طلوع اور غروب سے پہلے دس دفعہ یہ پڑھیں اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ
بعض روایات میں یوں ہے وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ اور بعض روایات میں اس طرح ہے اَسْتَعِيْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ

اَصْفِيَاءِهِ الْمَمْدُوْدِيْنَ مِنْكَ بِالْعَدَدِ الْاِثْنَيْ عَشَرَ النُّجُوْمِ الزُّهَرِ وَالْحُجَجِ عَلٰی جَمِيْعِ الْبَشَرِ اَللّٰهُمَّ وَهَبْ لَنَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ خَيْرَ مَوْهِبَةٍ وَاَنْجِحْ لَنَا فِيْهِ كُلَّ طَلِبَةٍ كَمَا وَهَبْتَ الْحُسَيْنَ لِمُحَمَّدٍ جَدِّهٖ وَعَاذَ فُطْرُسُ بِمَهْدِهٖ فَنَحْنُ عَائِذُوْنَ بِقَبْرِهٖ مِنْ بَعْدِهٖ نَشْهَدُ تُرْبَتَهٗ وَنَنْتَظِرُ اَوْبَتَهٗ اٰمِيْنَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اور اس کے بعد امام حسین علیہ السلام کی عاشورہ کے دن والی دعا پڑھو جو آنحضرت کی آخری دعا ہے جو عاشورہ کو آپ نے جب کہ آپ کے دشمن زیادہ ہو چکے تھے پڑھی تھی اور وہ یہ ہے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ مُتَعَالِی الْمَكَانِ عَظِيْمُ الْجَبَرُوْتِ شَدِيْدُ الْمِحَالِ غَنِيٌّ عَنِ الْخَلَائِقِ عَرِيْضُ الْكِبْرِيَاۤءِ قَادِرٌ عَلٰی مَا تَشَاۤءُ قَرِيْبُ الرَّحْمَةِ صَادِقُ الْوَعْدِ سَابِغُ النِّعْمَةِ حَسَنُ الْبَلَاۤءِ قَرِيْبٌ اِذَا دُعِيْتَ مُحِيْطٌ بِمَا خَلَقْتَ قَابِلُ التَّوْبَةِ لِمَنْ تَابَ اِلَيْكَ قَادِرٌ عَلٰی مَا اَرَدْتَ وَمُدْرِكٌ مَا طَلَبْتَ وَشَكُوْرٌ اِذَا شُكِرْتَ وَذَكُوْرٌ اِذَا ذُكِرْتَ اَدْعُوْكَ مُحْتَاجًا وَاَرْغَبُ اِلَيْكَ فَقِيْرًا وَاَفْزَعُ اِلَيْكَ خَاۤئِفًا وَاَبْكِيْ اِلَيْكَ مَكْرُوْبًا وَاَسْتَعِيْنُ بِكَ ضَعِيْفًا وَاَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ كَافِيًا اُحْكُمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا فَاِنَّهُمْ غَرُّوْنَا وَخَدَعُوْنَا وَخَذَلُوْنَا وَغَدَرُوْا بِنَا وَقَتَلُوْنَا وَنَحْنُ عِتْرَةُ نَبِيِّكَ وَوُلْدُ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الَّذِي اصْطَفَيْتَهٗ بِالرِّسَالَةِ وَائْتَمَنْتَهٗ عَلٰی وَحْيِكَ فَاجْعَلْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا فَرَجًا وَمَخْرَجًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ابن عیاش نے کہا کہ میں نے حسین بن علی بن سفیان بزو فری سے سنا کہ وہ کہتے ہیں امام جعفر صادق علیہ السّلام اس دعا کو آج کے دن پڑھتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ تیسری شعبان کی دعاؤں میں سے ایک دعا ہے اور فرماتے تھے کہ امام حسین علیہ السّلام کی ولادت تیسری کے دن ہوئی۔ تیرھویں کی رات بیض کی راتوں میں سے پہلی رات ہے اور اس رات اور دو راتیں بعد والی جو بیض کی ہیں ان میں نماز بجا لانے کی کیفیت رجب کے مہینے میں صفحہ نمبر ۱۳۲ پر گذر چکی ہے۔

پندرھویں شعبان کی رات:۔ یہ بہت مبارک رات ہے، امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السّلام سے پندرھویں شعبان کی رات کی فضیلت کا سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ شب قدر کے بعد سب راتوں سے افضل ہے اس رات میں خداوند عالم اپنا فضل اپنے بندوں کو عطا فرماتا ہے اور اپنے کرم و احسان سے ان کو بخش دیتا ہے پس تمہیں اس رات میں اللہ کے تقرب کی کوشش کرنی چاہیئے کیونکہ یہ وہ رات ہے کہ خداوند عالم نے اپنی ذات اقدس کی قسم کھائی ہے کہ کسی ہاتھ کو اپنی درگاہ سے جبتک وہ معصیت کا سوال نہ کرے خالی نہ لوٹائیگا اور یہ وہ رات ہے کہ خداوند عالم نے اسے ہمارے لئے اس طرح قرار دیا ہے جیسا کہ شب قدر کو جناب رسول خدا

صبح و شام کی دعائیں
الرَّجِيْمِ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ يَحْضُرُوْنِ آخر تک نیز فلاح السائل میں امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ تمہیں ہر صبح و شام تین دفعہ اس دعا کے پڑھنے سے کیا مانع ہے اَللّٰهُمَّ مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰی دِيْنِكَ وَلَا تُزِغْ قَلْبِيْ بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِيْ وَهَبْ لِيْ مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ وَاَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ امْدُدْ لِيْ فِيْ عُمُرِيْ وَاَوْسِعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ وَانْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَحْمَتِكَ وَاِنْ كُنْتُ عِنْدَكَ فِيْ اُمِّ الْكِتَابِ شَقِيًّا فَاجْعَلْنِيْ سَعِيْدًا فَاِنَّكَ تَمْحُوْ مَا تَشَاۤءُ وَتُثْبِتُ وَعِنْدَكَ اُمُّ الْكِتَابِ
دسویں شیخ طوسی اور

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے قرار دے رکھا ہے پس تمہیں اللہ سے دعا اور اس کی تعریف و توصیف کی کوشش کرنی چاہیئے الی آخرہ اس رات کے برکات میں سے ایک یہ ہے کہ اس رات کی سحری کے وقت سلطان العصر امام زمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہ کی ۲۵۵ھ سر من رای میں ولادت باسعادت ہوئی کہ جس نے اس رات کی شرافت میں اور اضافہ کر دیا۔ اس رات کے کئی ایک عمل ہیں پہلے غسل کرنا اور اس رات میں غسل کرنا گناہوں میں تخفیف کا موجب ہوتا ہے، دوسرے اس رات میں نماز اور دعا اور استغفار کے ساتھ بیدار رہنا جیسا کہ امام زین العابدین علیہ السلام یوں ہی بیدار رہتے تھے۔ روایت میں ہے کہ جو شخص اس رات بیدار رہے تو اس کا دل اس دن نہیں مرے گا جبکہ دل مردہ ہونگے، تیسرے امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا جو اس رات کے سب اعمال سے افضل ہے اور گناہوں کے بخشے جانے کا باعث ہے جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے ساتھ ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کی ارواح طیبہ مصافحہ کریں تو اسے حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت اس رات میں کرنی چاہیئے، کم از کم آپ کی زیارت یہ بھی ہے کہ کوٹھے پر چڑھ کر دائیں بائیں نگاہ کرے اپنے سر کو آسمان کی طرف بلند کرکے آپ کی زیارت ان الفاظ میں پڑھے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ہر ایک شخص جہاں بھی ہو اور جب بھی چاہے آپ کی یہ زیارت پڑھے تو امید ہے کہ اس کے لئے حج اور عمرہ کا ثواب لکھا جائے گا، ہم آج رات کی جو خاص زیارت ہے اسے زیارات کے باب میں نقل کریں گے، چوتھے اس دعا کو پڑھنا کہ جسے شیخ اور سید نے نقل فرمایا ہے اور یہ دعا امام زمان صلوات اللہ علیہ کی زیارت کے قائم مقام ہے اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ لَيْلَتِنَا وَمَوْلُودِهَا وَحُجَّتِكَ وَمَوْعُودِهَا الَّتِيْ قَرَنْتَ اِلٰى فَضْلِهَا فَضْلًا فَتَمَّتْ كَلِمَتُكَ صِدْقًا وَعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِكَ وَلَا مُعَقِّبَ لِاٰيَاتِكَ نُوْرُكَ الْمُتَاَلِّقُ وَضِيَاؤُكَ الْمُشْرِقُ وَالْعَلَمُ النُّوْرُ فِيْ طَخْيَاءِ الدَّيْجُوْرِ الْغَائِبُ الْمَسْتُوْرُ جَلَّ مَوْلِدُهٗ وَكَرُمَ مَحْتِدُهٗ وَالْمَلٰٓئِكَةُ شُهَّدُهٗ وَاللّٰهُ نَاصِرُهٗ وَمُؤَيِّدُهٗ اِذَا اٰنَ مِيْعَادُهٗ وَالْمَلٰٓئِكَةُ اَمْدَادُهٗ سَيْفُ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَنْبُوْ وَنُوْرُهُ الَّذِيْ لَا يَخْبُوْ وَذُو الْحِلْمِ الَّذِيْ لَا يَصْبُوْ مَدَارُ الدَّهْرِ وَنَوَامِيْسُ الْعَصْرِ وَوُلَاةُ الْاَمْرِ وَالْمُنَزَّلُ عَلَيْهِمْ مَا يَتَنَزَّلُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَاَصْحَابُ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ تَرَاجِمَةُ وَحْيِهٖ وَوُلَاةُ اَمْرِهٖ وَنَهْيِهٖ اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰى خَاتِمِهِمْ وَقَائِمِهِمُ الْمَسْتُوْرِ عَنْ عَوَالِمِهِمْ اَللّٰهُمَّ وَاَدْرِكْ بِنَا اَيَّامَهٗ وَظُهُوْرَهٗ وَقِيَامَهٗ وَاجْعَلْنَا مِنْ اَنْصَارِهٖ وَاقْرِنْ ثَارَنَا بِثَارِهٖ وَاكْتُبْنَا فِيْ اَعْوَانِهٖ وَخُلَصَائِهٖ وَاَحْيِنَا فِيْ دَوْلَتِهٖ نَاعِمِيْنَ وَبِصُحْبَتِهٖ غَانِمِيْنَ وَبِحَقِّهٖ قَائِمِيْنَ

صبح و شام کی دعائیں

سید بن طاؤس نے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ سے روایت کی ہے کہ جو شخص ہر صبح و شام ایک مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ پڑھے تو خداوند عالم ایک فرشتہ کو چاندی کا بیلچہ ہاتھ میں دے کر جنت کی طرف کہ جس کی زمین مشک سے ہے روانہ کرے گا تاکہ وہ اس شخص کے لئے وہاں [illegible] درخت بوئے اور [illegible] گرد دیوار بنا کر اس پر دروازہ لگائے اور اس پر لکھ دے کہ یہ باغ فلاں بن فلاں کا ہے۔ سید نے ایک دوسری معتبر روایت امام جعفر صادق علیہ السلام سے کی کہ جو شخص اس تسبیح کو بغیر عجب و ریا پڑھے تو خداوند عالم اس کے ہزار گناہ مٹا دے گا اور ہزار نیکیاں اور ہزار شفاعت اس کے لئے لکھے گا اور ہزار درجات اس کے

وَمِنَ السُّوْءِ سَالِمِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَوَاتُهٗ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اَهْلِ بَیْتِهِ الصَّادِقِیْنَ وَعِتْرَتِهِ النَّاطِقِیْنَ وَالْعَنْ جَمِیْعَ الظَّالِمِیْنَ وَاحْکُمْ بَیْنَنَا وَبَیْنَهُمْ یَا اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ پانچویں اسمٰعیل بن فضل ہاشمی سے شیخ نے روایت کی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ مجھے امام جعفر صادق علیہ السّلام نے یہ دعا پندرہویں شعبان کی رات میں پڑھنے کے لئے تعلیم فرمائی۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ الْخَالِقُ الرَّازِقُ الْمُحْیِیْ الْمُمِیْتُ الْبَدِیْءُ الْبَدِیْعُ لَكَ الْجَلَالُ وَلَكَ الْفَضْلُ وَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الْمَنُّ وَلَكَ الْجُوْدُ وَلَكَ الْکَرَمُ وَلَكَ الْاَمْرُ وَلَكَ الْمَجْدُ وَلَكَ الشُّکْرُ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاکْفِنِیْ مَا اَهَمَّنِیْ وَاقْضِ دَیْنِیْ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ فَاِنَّكَ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ کُلَّ اَمْرٍ حَکِیْمٍ تَفْرُقُ وَمَنْ تَشَاۤءُ مِنْ خَلْقِكَ تَرْزُقُ فَارْزُقْنِیْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَاَنْتَ خَیْرُ الْقَائِلِیْنَ النَّاطِقِیْنَ وَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَمِنْ فَضْلِكَ اَسْئَلُ وَاِیَّاكَ قَصَدْتُ وَابْنَ نَبِیِّكَ اعْتَمَدْتُ وَلَكَ رَجَوْتُ فَارْحَمْنِیْ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ چھٹے اس دعا کو پڑھے کہ جسے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ پندرہویں شعبان کی رات کو پڑھتے تھے اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْیَتِكَ مَا یَحُوْلُ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مَعْصِیَتِكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ رِضْوَانَكَ وَمِنَ الْیَقِیْنِ مَا یَهُوْنُ عَلَیْنَا بِهٖ مُصِیْبَاتُ الدُّنْیَا اَللّٰهُمَّ اَمْتِعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْیَیْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰی مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰی مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِیْبَتَنَا فِیْ دِیْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْیَا اَکْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیْنَا مَنْ لَا یَرْحَمُنَا بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یہ دعائے کامل ہے کہ جس کا پڑھنا دوسرے وقتوں میں بھی غنیمت ہے اور عوالی اللئالی سے منقول ہے کہ اسے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہمیشہ پڑھتے تھے، ساتویں ہر دن کی صلوات کو کہ جسے زوال کے وقت پڑھتا تھا پڑھے آٹھویں دعاء کمیل کو پڑھے کہ یہ اسی رات وارد ہوئی ہے اور دعاء کمیل پہلے گذر چکی ہے، نویں ان تسبیحات کو سو دفعہ پڑھے تاکہ خداوند عالم گذرے ہوئے گناہ بخش دے اور دنیا اور آخرت کی حاجتوں کو پورا کرے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دسویں شیخ نے ابو یحییٰ سے مصباح میں پندرہویں شعبان کی رات کے لئے ایک خبر نقل کی ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے مولا امام جعفر صادق علیہ السّلام کی خدمت میں عرض کی

صبح و شام کی دعائیں۔ بلند کرے گا اور اس کے لئے اس تسبیح کی برکت سے ایک مرغ پیدا کرے گا جو قیامت تک یہی تسبیح کرتا رہے گا اور اس کا ثواب اس شخص کے نامہ اعمال میں لکھا جائے گا۔ گیارہویں قطب راوندی نے حضرت امیر المومنین ؑ سے روایت کی ہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص صبح کرے اور اللہ کی چار نعمتوں کو یاد نہ کرے تو مجھے ڈر ہے کہ خدا وہ نعمتیں اس سے چھین لے اور وہ نعمتیں یہ ہیں اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَرَّفَنِیْ نَفْسَهٗ وَلَمْ یَتْرُکْنِیْ عَمْیَانَ الْقَلْبِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَنِیْ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ رِزْقِیْ فِیْ یَدَیْهِ وَلَمْ یَجْعَلْ رِزْقِیْ فِیْ اَیْدِی النَّاسِ

کہ آج رات سب سے بہتر دعا کونسی ہے تو آپ نے فرمایا کہ جب عشاء کی نماز سے فارغ ہو جائے تو اس وقت دو رکعت نماز پڑھے کہ جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ قل یا ایُّھا الکٰفرُون اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ قل ہو اللہ احد پڑھے اور جب سلام دے چکے تو سُبحَانَ اللّٰہِ تنتیس 33 مرتبہ الحمدُ للّٰہ تنتیس مرتبہ اللّٰہُ اکبرُ چونتیس مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے یَامَنْ اِلَیْہِ مَلْجَأُ الْعِبَادِ فِی الْمُھِمَّاتِ وَاِلَیْہِ یَفْزَعُ الْخَلْقُ فِی الْمُلِمَّاتِ یَا عَالِمَ الْجَھْرِ وَالْخَفِیَّاتِ یَامَنْ لَا تَخْفٰی عَلَیْہِ خَوَاطِرُ الْاَوْھَامِ وَتَصَرُّفُ الْخَطَرَاتِ یَارَبَّ الْخَلَائِقِ وَالْبَرِیَّاتِ یَامَنْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ الْاَرَضِیْنَ وَالسَّمٰوٰتِ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَمُتُّ اِلَیْکَ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ فَیَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اجْعَلْنِیْ فِیْ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ مِمَّنْ نَظَرْتَ اِلَیْہِ فَرَحِمْتَہٗ وَسَمِعْتَ دُعَائَہٗ فَاَجَبْتَہٗ وَعَلِمْتَ اسْتِقَالَتَہٗ فَاَقَلْتَہٗ وَتَجَاوَزْتَ عَنْ سَالِفِ خَطِیْئَتِہٖ وَعَظِیْمِ جَرِیْرَتِہٖ فَقَدِ اسْتَجَرْتُ بِکَ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَلَجَأْتُ اِلَیْکَ فِیْ سَتْرِ عُیُوْبِیْ اَللّٰھُمَّ فَجُدْ عَلَیَّ بِکَرَمِکَ وَفَضْلِکَ وَاحْطُطْ خَطَایَایَ بِحِلْمِکَ وَعَفْوِکَ وَتَغَمَّدْنِیْ فِیْ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ بِسَابِغِ کَرَامَتِکَ وَاجْعَلْنِیْ فِیْھَا مِنْ اَوْلِیَائِکَ الَّذِیْنَ اجْتَبَیْتَھُمْ لِطَاعَتِکَ وَاخْتَرْتَھُمْ لِعِبَادَتِکَ وَجَعَلْتَھُمْ خَالِصَتَکَ وَصِفْوَتَکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ سَعَدَ جَدُّہٗ وَتَوَفَّرَ مِنَ الْخَیْرَاتِ حَظُّہٗ وَاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ سَلِمَ فَنَعِمَ وَفَازَ فَغَنِمَ وَاکْفِنِیْ شَرَّ مَا اَسْلَفْتُ وَاعْصِمْنِیْ مِنَ الْاِزْدِیَادِ فِیْ مَعْصِیَتِکَ وَحَبِّبْ اِلَیَّ طَاعَتَکَ وَمَا یُقَرِّبُنِیْ مِنْکَ وَیُزْلِفُنِیْ عِنْدَکَ سَیِّدِیْ اِلَیْکَ یَلْجَأُ الْھَارِبُ وَمِنْکَ یَلْتَمِسُ الطَّالِبُ وَعَلٰی کَرَمِکَ یُعَوِّلُ الْمُسْتَقِیْلُ التَّائِبُ اَدَّبْتَ عِبَادَکَ بِالتَّکَرُّمِ وَاَنْتَ اَکْرَمُ الْاَکْرَمِیْنَ وَاَمَرْتَ بِالْعَفْوِ عِبَادَکَ وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ اَللّٰھُمَّ فَلَا تَحْرِمْنِیْ مَا رَجَوْتُ مِنْ کَرَمِکَ وَلَا تُؤْیِسْنِیْ مِنْ سَابِغِ نِعَمِکَ وَلَا تُخَیِّبْنِیْ مِنْ جَزِیْلِ قِسَمِکَ فِیْ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ لِاَھْلِ طَاعَتِکَ وَاجْعَلْنِیْ فِیْ جُنَّۃٍ مِنْ شِرَارِ بَرِیَّتِکَ رَبِّ اِنْ لَمْ اَکُنْ مِنْ اَھْلِ ذٰلِکَ فَاَنْتَ اَھْلُ الْکَرَمِ وَالْعَفْوِ وَالْمَغْفِرَۃِ وَجُدْ عَلَیَّ بِمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ لَا بِمَا اَسْتَحِقُّہٗ فَقَدْ حَسُنَ ظَنِّیْ بِکَ وَتَحَقَّقَ رَجَائِیْ لَکَ وَعَلِقَتْ نَفْسِیْ بِکَرَمِکَ فَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ وَاَکْرَمُ الْاَکْرَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ وَاخْصُصْنِیْ مِنْ کَرَمِکَ بِجَزِیْلِ قِسَمِکَ وَاَعُوْذُ بِعَفْوِکَ مِنْ عُقُوْبَتِکَ وَاغْفِرْ لِیَ الذَّنْبَ الَّذِیْ یَحْبِسُ عَلَیَّ الْخُلُقَ وَیُضَیِّقُ عَلَیَّ الرِّزْقَ حَتّٰی اَقُوْمَ بِصَالِحِ رِضَاکَ وَاَنْعَمَ بِجَزِیْلِ عَطَائِکَ وَاَسْعَدَ بِسَابِغِ نَعْمَائِکَ فَقَدْ لُذْتُ بِحَرَمِکَ

صبح و شام کی دعائیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَتَرَ ذُنُوْبِیْ وَعُیُوْبِیْ وَلَمْ یَفْضَحْنِیْ بَیْنَ الْخَلَائِقِ النَّاسِ

یعنی حمد ہے اس ذات کی کہ جس نے اپنے آپ کو مجھے پہچنوایا اور مجھے دل کا اندھا نہیں بنایا۔ حمد ہے اس ذات کی کہ جس نے مجھے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی امت سے قرار دیا۔ حمد ہے اس ذات کی کہ جس نے میری روزی اپنے ہاتھ میں رکھی اور لوگوں کے ہاتھ میں میرا رزق نہیں دیا۔ حمد اور شکر ہے اس ذات کی کہ جس نے میرے گناہوں پر پردہ ڈالا اور لوگوں کے درمیان مجھے رسوا و ذلیل نہیں کیا۔ تاریخ بلد الامین میں سلمان فارسی نے روایت کی ہے کہ جو شخص بھی صبح کرے اگر وہ تین مرتبہ یہ پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا

وَتَعَرَّضْتُ لِكَرَمِكَ وَاسْتَعَذْتُ بِعَفْوِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ وَبِحِلْمِكَ مِنْ غَضَبِكَ فَجُدْ بِمَا سَئَلْتُكَ وَاَنِلْ مَا الْتَمَسْتُ مِنْكَ اَسْئَلُكَ بِكَ لَا بِشَيْءٍ هُوَ اَعْظَمُ مِنْكَ پھر سجدے میں جا کر یَا رَبُّ بیس مرتبہ یَا اَللّٰهُ سات مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ سات دفعہ مَاشَاءَ اللّٰهُ دس مرتبہ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ دس مرتبہ اس کے بعد صلوات پڑھے اور خداوند عالم سے اپنی حاجت طلب کر قسم ہے خدا کی کہ اگر اس عمل کے سبب سے بارش کے قطروں کے برابر بھی حاجت طلب کرے تو خداوند عالم کی ذات اپنے فضل کثیر و کرم عمیم سے تیری حاجت کو پورا کر دے گی۔ گیارہویں، شیخ طوسی رحمۃ اللہ علیہ و کفعمی رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ اس دعا کو آج رات پڑھے اِلٰهِي تَعَرَّضَ لَكَ فِي هٰذَا اللَّيْلِ الْمُتَعَرِّضُونَ وَقَصَدَكَ الْقَاصِدُونَ وَاَمَّلَ فَضْلَكَ وَمَعْرُوفَكَ الطَّالِبُونَ وَلَكَ فِي هٰذَا اللَّيْلِ نَفَحَاتٌ وَجَوَائِزُ وَعَطَايَا وَمَوَاهِبُ تَمُنُّ بِهَا عَلٰى مَنْ تَشَاءُ مِنْ عِبَادِكَ وَتَمْنَعُهَا مَنْ لَمْ تَسْبِقْ لَهُ الْعِنَايَةُ مِنْكَ وَهَا اَنَا ذَا عُبَيْدُكَ الْفَقِيرُ اِلَيْكَ الْمُؤَمِّلُ فَضْلَكَ وَمَعْرُوفَكَ فَاِنْ كُنْتَ يَا مَوْلَايَ تَفَضَّلْتَ فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ عَلٰى اَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ وَعُدْتَ عَلَيْهِ بِعَائِدَةٍ مِنْ عَطْفِكَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ الْخَيِّرِينَ الْفَاضِلِينَ وَجُدْ عَلَيَّ بِطَوْلِكَ وَمَعْرُوفِكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّينَ وَآلِهِ الطَّاهِرِينَ وَسَلَّمَ تَسْلِيمًا اِنَّ اللّٰهَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَدْعُوكَ كَمَا اَمَرْتَ فَاسْتَجِبْ لِي كَمَا وَعَدْتَ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ اور یہ وہ دعا ہے جو نماز شفع کے بعد بھی پڑھی جاتی ہے، بارہویں تہجد کی نماز کی ہر دوسری رکعت کے بعد اور نماز شفع اور وتر کے بعد وہ دعا پڑھے کہ جسے شیخ اور سید نے نقل کیا ہے، تیرہویں ان سجدوں اور دعاؤں کو پڑھے کہ جو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سے روایت کی گئی ہیں ــــ ان روایتوں میں سے ایک وہ روایت ہے کہ جسے شیخ نے حماد بن عیسٰی سے اور انہوں نے ابان بن تغلب سے روایت کی ہے اور انہوں نے کہا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جب پندرہویں شعبان کی رات آئی تو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ اس رات حضرت عائشہ رض کے پاس تھے جونہی آدھی رات ہوئی تو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ اپنے بستر سے عبادت کے لئے اٹھ کر چلے گئے جب حضرت عائشہ بیدار ہوئیں تو انہوں نے دیکھا کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ ان کے بستر سے اٹھ کر چلے گئے ہیں تو ان کے دل میں وہ غیرت داخل ہوئی جو عورتوں کو عارض ہوتی ہے

طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ تو اللہ تعالیٰ اس سے ستر قسم کی مصیبتیں دور کر دے گا ان میں سے کم ترین اس کے غم و اندوہ کا دور کر دینا ہو گا۔ تیرہویں شیخ کلینی نے معتبر سند سے امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جب تو صبح کرے تو یہ پڑھے۔ اَصْبَحْتُ بِاللّٰهِ مُؤْمِنًا عَلٰى دِينِ مُحَمَّدٍ وَسُنَّتِهِ وَدِينِ عَلِيٍّ وَسُنَّتِهِ وَدِينِ الْاَوْصِيَاءِ وَسُنَّتِهِمْ آمَنْتُ بِسِرِّهِمْ وَعَلَانِيَتِهِمْ وَشَاهِدِهِمْ وَغَائِبِهِمْ وَاَعُوذُ بِاللّٰهِ مِمَّا اسْتَعَاذَ مِنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَعَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَالْاَوْصِيَاءُ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَاَرْغَبُ اِلَى اللّٰهِ فِيمَا رَغِبُوا اِلَيْهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ چودہویں شیخ کلینی نے امام محمد باقر علیہ

اور انہوں نے گمان کیا کہ آنحضرتؐ اپنی بیویوں میں سے کسی ایک کے پاس چلے گئے ہیں تو وہ وہاں سے اٹھ کر آنحضرت کے پیچھے اپنی چادر لپیٹ کر آنحضرت کے ڈھونڈنے کے لئے دوسری بیویوں کے ایک ایک کے حجرہ میں گئیں وہ اسی حالت میں کہ آنحضرت کو ڈھونڈ رہی تھیں تو اچانک ان کی نگاہ پڑی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زمین پر مثل کپڑے کے پٹے ہوئے سجدہ میں پڑے ہیں تو وہ آنحضرتؐ کے نزدیک ہوئیں تو انہوں نے سنا کہ آنحضرت سجدہ میں یہ دعا پڑھ رہے ہیں سَجَدَ لَكَ سَوَادِیْ وَ خَیَالِیْ وَاٰمَنَ بِكَ فُؤَادِیْ هٰذِهٖ یَدَایَ وَمَا جَنَیْتُهٗ عَلٰی نَفْسِیْ یَا عَظِیْمُ تُرْجٰی لِكُلِّ عَظِیْمٍ اِغْفِرْلِیَ الْعَظِیْمَ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذَّنْبَ الْعَظِیْمَ اِلَّا الرَّبُّ الْعَظِیْمُ پھر آنحضرت سجدے سے سر اٹھا کر دوبارہ سجدے میں چلے گئے تو پھر حضرت عائشہ نے سنا کہ یہ پڑھ رہے تھے اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ اَضَاءَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرَضُوْنَ وَانْكَشَفَتْ لَهُ الظُّلُمَاتُ وَصَلُحَ عَلَیْهِ اَمْرُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ مِنْ فُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَمِنْ تَحْوِیْلِ عَافِیَتِكَ وَمِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ قَلْبًا تَقِیًّا نَقِیًّا وَمِنَ الشِّرْكِ بَرِیًّا لَا كَافِرًا وَّلَا شَقِیًّا پھر آنحضرت نے اپنے دونوں مونہہ کی طرفوں کو مٹی پر رکھا اور یہ پڑھا عَفَّرْتُ وَجْهِیْ فِی التُّرَابِ وَحُقَّ لِیْ اَنْ اَسْجُدَ لَكَ بس جونہی جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہاں سے اٹھنے کا ارادہ کیا تو حضرت عائشہ جلدی سے فوراً اپنے بستر پر جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سے پہلے آکر لیٹ گئیں جب جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے بستر پر آکر لیٹے تو حضرت عائشہ نے سنا کہ آپ بلند سانس لے رہے تھے تو انہوں نے آنحضرت سے سبب پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ تمہیں معلوم نہیں کہ آج پندرہویں شعبان کی رات ہے اور یہ وہ رات ہے کہ جس میں روزی تقسیم ہوتی ہے اور جس میں اجل لکھی جاتی ہے اور جس میں ان لوگوں کا نام لکھا جاتا ہے جو حج کو جائیں گے اور تحقیق خداوند عالم آج رات اپنے بندوں میں سے قبیلہ کلب کے بکریوں کے بالوں کی مقدار سے زیادہ کو بخشتا ہے اور خداوند عالم اپنے ملائکہ کو آج رات مکہ معظمہ کی طرف روانہ فرماتا ہے۔ چودھویں آج رات نماز جعفر طیار علیہ الرحمۃ کو بجا لائیے کیونکہ جناب شیخ نے امام رضا علیہ السلام سے روایت کی ہے، پندرہویں آج رات کی نمازوں کو جو بہت زیادہ ہیں بجا لائے ان میں سے ایک وہ نماز کہ جسے ابویحییٰ صنعانی نے امام محمد باقر علیہ السلام اور امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے بلکہ ان دو بزرگواروں سے تیس اور آدمیوں نے کہ جو قابل اعتماد ہیں نے بھی روایت

صبح وشام کی دعائیں

السلام سے اس دعا کے صبح کے بعد طلوع سے پہلے پڑھنے کی بہت کافی فضیلت نقل کی ہے اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِیْرًا وَّ سُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِیْلًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ كَثِیْرًا لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

پندرہویں بلد الامین میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص اس دعا کو صبح پڑھے اسے شام تک کوئی مصیبت لاحق نہیں ہوگی اور جو اسے شام کو پڑھے اسے صبح تک کوئی مصیبت لاحق نہیں ہوگی بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ سولہویں کلینی اور ابن بابویہ وغیرہ نے معتبر اور موثق سند سے امام محمد باقر علیہ السلام سے

کی ہے پس ان دونوں بزرگواروں نے فرمایا کہ جب پندرہویں شعبان کی رات آئے تو چار رکعت نماز بجالائیے کہ جس کی ہر ایک رکعت میں سورہ الحمد و قل ہو اللہ احد سو دفعہ پڑھے اور جب اس سے فارغ ہو جائے تو یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اِلَیْكَ فَقِیْرٌ وَمِنْ عَذَابِكَ خَائِفٌ مُسْتَجِیْرٌ اَللّٰھُمَّ لَا تُبَدِّلِ اسْمِیْ وَلَا تُغَیِّرْ جِسْمِیْ وَلَا تَجْھَدْ بَلَائِیْ وَلَا تُشْمِتْ بِیْ اَعْدَائِیْ اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ وَاَعُوْذُ بِرَحْمَتِكَ مِنْ عَذَابِكَ وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ جَلَّ ثَنَاؤُكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ وَفَوْقَ مَا یَقُوْلُ الْقَائِلُوْنَ یہ بھی واضح رہے کہ آج کی رات میں سو رکعت کہ جس کی ہر ایک رکعت میں ایک دفعہ سورہ الحمد اور دس دفعہ سورہ قل ہو اللہ احد پڑھے جانے کی بہت کافی فضیلت وارد ہوئی ہے اور آج کی رات میں چھ رکعت نماز کی کیفیت کہ جس میں الحمد و یٰسین و تبارک و توحید پڑھنی پڑتی ہے وہ رجب کے مہینے کے اعمال میں ص۱۳۴ گذر چکی ہے

پندرھویں شعبان کا دن

آج کا دن ہمارے بارہویں امام حضرت حجۃ بن الحسن صاحب الزمان صلوات اللہ علیہ وعلےٰ آبائہ کی پیدائش کا دن ہے لہٰذا آج بہت بڑی عید ہے لہٰذا آج کے دن بارہویں امام علیہ السّلام کی زیارت جہاں بھی کوئی ہو پڑھنی مستحب ہے اور آنحضرت کے ظہور کے لئے دعا آپ کی زیارت پڑھنے کے وقت مانگنی چاہیئے۔ آنحضرت کی زیارت سامرہ کے سرداب میں جو آنحضرت کے ظہور کرنے کا یقینی مکان ہے پڑھی جانے میں زیادہ تاکید وارد ہوئی ہے اور وہی آنحضرت ہیں کہ جو زمین کو عدل و انصاف سے پُر کر دیں گے جب وہ ظلم و جور سے پر ہو چکی ہو گی (خدایا اپنے ولی کا جلد ظہور فرما اور مجھے اور میری اولاد کو آنحضرت کے مددگاروں سے قرار دے آمین (مترجم)

شعبان کے مہینے کے باقی اعمال

امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو شخص شعبان کے آخری تین دن روزہ رکھے اور اسے ماہ مبارک سے متصل کر دے تو خداوند عالم اس کیلئے دو مہینے متصل روزے رکھنے کا ثواب اسکے نامہ اعمال میں لکھیگا۔ ابو صلت ہروی نے روایت کی ہے کہ میں شعبان آخری جمعہ کو جناب امام رضاؑ

روایت کی ہے کہ خداوند عالم نے حضرت نوح علیہ السلام کا نام بندہ شاکر اس واسطے رکھا ہے کہ وہ ہر روز صبح و شام یہ دعا پڑھتے تھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُشْھِدُكَ اَنَّهٗ مَا اَمْسٰی وَاَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِعْمَةٍ اَوْ عَافِیَةٍ فِیْ دِیْنٍ اَوْ دُنْیَا فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ بِهَا عَلَیَّ حَتّٰی تَرْضٰی اِلٰھَنَا بعض روایات میں ہے کہ حضرت اس دعا کو دس دفعہ پڑھتے تھے اَللّٰھُمَّ اِنَّهٗ مَا اَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِعْمَةٍ اَوْ عَافِیَةٍ فِیْ دِیْنٍ اَوْ دُنْیَا فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ بِهَا عَلَیَّ حَتّٰی تَرْضٰی وَبَعْدَ الرِّضَا (دونوں روایتیں ٹھیک ہیں) سترھویں کلینی اور برقی نے معتبر سند سے امام جعفر صادق علیہ السلام اور موسیٰ

کی خدمت میں حاضر ہوا تو آنجناب نے مجھے فرمایا کہ اے ابو صلت شعبان مبارک کا اکثر حصّہ گذر گیا ہے اور یہ اس کا آخری جمعہ ہے پس تجھے ان تقصیرات کا جو تجھ سے اس مہینے کے سابقہ دنوں میں ہوئی ہیں اس کے باقی ماندہ دنوں میں تدارک کر لینا چاہیئے اور تجھے ان چیزوں کو اختیار کرنا چاہیئے جو تیرے لئے نفع مند ہوں اور تمہیں دعا اور استغفار بہت زیادہ کرنا چاہیئے اور تلاوت قرآن مجید زیادہ کر اور اپنے گناہوں سے خداوند عالم کی درگاہ میں توبہ کر تاکہ جب ماہ مبارک رمضان کا مہینہ آئے تو تم نے اپنے آپ کو خداوند عالم کے لئے خالص کر لیا ہو اور اپنی گردن پر کسی کے حق اور امانت کو نہ چھوڑ مگر یہ کہ تو اسے ادا کر دے اور اپنے دل میں کسی کا کینہ نہ رکھ مگر یہ کہ اسے اپنے دل سے نکال ڈال اور کسی گناہ کو اگر تو کرتا تھا تو رہنے نہ دے مگر یہ کہ اسے چھوڑ دے اور خدا سے ڈر اور اپنے کاموں میں ظاہر اور باطن میں خدا پر توکل کر اور جو شخص بھی خدا پر توکل رکھتا ہے تو خدا اس کے لئے کافی ہے اور اس مہینے کے باقی ماندہ دنوں میں اس دعا کو زیادہ پڑھا کر اَللّٰھُمَّ اِنْ لَمْ تَكُنْ غَفَرْتَ لَنَا فِيْمَا مَضٰى مِنْ شَعْبَانَ فَاغْفِرْ لَنَا فِيْمَا بَقِيَ مِنْهُ کیونکہ خداوند عالم اس مہینے میں اپنے بہت زیادہ بندوں کو جہنم کی آگ سے رمضان مبارک کے احترام کی وجہ سے آزاد کرتا ہے، شیخ نے حارث بن مغیرہ نضری سے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السّلام شعبان کی آخری رات اور رمضان مبارک کی پہلی رات میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے اَللّٰھُمَّ اِنَّ هٰذَا الشَّهْرَ الْمُبَارَكَ الَّذِيْ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ وَجُعِلَ هُدًى لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ قَدْ حَضَرَ فَسَلِّمْنَا فِيْهِ وَسَلِّمْهُ لَنَا وَتَسَلَّمْهُ مِنَّا فِيْ يُسْرٍ مِنْكَ وَعَافِيَةٍ يَا مَنْ اَخَذَ الْقَلِيْلَ وَشَكَرَ الْكَثِيْرَ اِقْبَلْ مِنِّي الْيَسِيْرَ اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ لِيْ اِلٰى كُلِّ خَيْرٍ سَبِيْلًا وَمِنْ كُلِّ مَا لَا تُحِبُّ مَانِعًا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا مَنْ عَفَا عَنِّيْ وَعَمَّا خَلَوْتُ بِهٖ مِنَ السَّيِّئَاتِ يَا مَنْ لَمْ يُؤَاخِذْنِيْ بِارْتِكَابِ الْمَعَاصِيْ عَفْوَكَ عَفْوَكَ عَفْوَكَ يَا كَرِيْمُ اِلٰهِيْ وَعَظْتَنِيْ فَلَمْ اَتَّعِظْ وَزَجَرْتَنِيْ عَنْ مَحَارِمِكَ فَلَمْ اَنْزَجِرْ فَمَا عُذْرِيْ فَاعْفُ عَنِّيْ يَا كَرِيْمُ عَفْوَكَ عَفْوَكَ اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الرَّاحَةَ عِنْدَ الْمَوْتِ وَالْعَفْوَ عِنْدَ الْحِسَابِ عَظُمَ الذَّنْبُ مِنْ عَبْدِكَ فَلْيَحْسُنِ التَّجَاوُزُ مِنْ عِنْدِكَ يَا اَهْلَ التَّقْوٰى وَيَا اَهْلَ الْمَغْفِرَةِ عَفْوَكَ عَفْوَكَ اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ ابْنُ عَبْدِكَ ابْنُ اَمَتِكَ ضَعِيْفٌ فَقِيْرٌ اِلٰى رَحْمَتِكَ وَاَنْتَ مُنْزِلُ الْغِنٰى وَالْبَرَكَةِ عَلَى الْعِبَادِ قَاهِرٌ مُقْتَدِرٌ اَحْصَيْتَ اَعْمَالَهُمْ وَقَسَمْتَ اَرْزَاقَهُمْ وَجَعَلْتَهُمْ مُخْتَلِفَةً اَلْسِنَتُهُمْ

کاظم علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جب آفتاب غروب ہونے کے قریب ہو تو اس کو پڑھے تاکہ ہر درندہ حیوان اور شیاطین اور اس کی اولاد ڈسنے والے اور زہر دار حیوان اور غول دجن کے شر سے محفوظ رہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يَصِفُ وَلَا يُوْصَفُ وَيَعْلَمُ وَلَا يُعْلَمُ يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ وَبِاسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ مَا ذَرَءَ وَبَرَءَ وَمِنْ شَرِّ مَا تَحْتَ الثَّرٰى وَمِنْ شَرِّ مَا ظَهَرَ وَمَا بَطَنَ وَمِنْ شَرِّ مَا كَانَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ اَبِيْ قِتْرَةَ وَمَا وَلَدَ وَمِنْ شَرِّ الرَّسِيْسِ وَمِنْ شَرِّ مَا

وَالْوَانُهُمْ خَلْقًا مِنْ بَعْدِ خَلْقٍ وَلَا يَعْلَمُ الْعِبَادُ عِلْمَكَ وَلَا يَقْدِرُ الْعِبَادُ قَدْرَكَ وَكُلُّنَا فَقِيرٌ اِلٰى رَحْمَتِكَ فَلَا تَصْرِفْ عَنِّیْ وَجْهَكَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ صَالِحِیْ خَلْقِكَ فِی الْعَمَلِ وَالْاَمَلِ وَالْقَضَآءِ وَالْقَدَرِ اَللّٰهُمَّ اَبْقِنِیْ خَيْرَ الْبَقَآءِ وَاَفْنِنِیْ خَيْرَ الْفَنَآءِ عَلٰى مُوَالَاةِ اَوْلِيَآئِكَ وَمُعَادَاةِ اَعْدَائِكَ وَالرَّغْبَةِ اِلَيْكَ وَالرَّهْبَةِ مِنْكَ وَالْخُشُوْعِ وَالْوَفَاءِ وَالتَّسْلِيْمِ لَكَ وَالتَّصْدِيْقِ بِكِتَابِكَ وَاتِّبَاعِ سُنَّةِ رَسُوْلِكَ اَللّٰهُمَّ مَا كَانَ فِیْ قَلْبِیْ مِنْ شَكٍّ اَوْ رِيْبَةٍ اَوْ جُحُوْدٍ اَوْ قُنُوْطٍ اَوْ فَرَحٍ اَوْ بَذَخٍ اَوْ بَطَرٍ اَوْ خُيَلَاءَ اَوْ رِيَاءٍ اَوْ سُمْعَةٍ اَوْ شِقَاقٍ اَوْ نِفَاقٍ اَوْ كُفْرٍ اَوْ فُسُوْقٍ اَوْ عِصْيَانٍ اَوْ عَظَمَةٍ اَوْ شَیْءٍ لَا تُحِبُّ فَاَسْئَلُكَ يَا رَبِّ اَنْ تُبَدِّلَنِیْ مَكَانَهٗ اِيْمَانًا بِوَعْدِكَ وَوَفَاءً بِعَهْدِكَ وَرِضًا بِقَضَآئِكَ وَزُهْدًا فِی الدُّنْيَا وَرَغْبَةً فِيْمَا عِنْدَكَ وَاَثَرَةً وَطُمَاْنِيْنَةً وَتَوْبَةً نَصُوْحًا اَسْئَلُكَ ذٰلِكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اِلٰهِیْ اَنْتَ مِنْ حِلْمِكَ تُعْصٰی وَمِنْ كَرَمِكَ وَجُوْدِكَ تُطَاعُ فَكَاَنَّكَ لَمْ تُعْصَ وَاَنَا وَمَنْ لَمْ يَعْصِكَ سُكَّانُ اَرْضِكَ فَكُنْ عَلَيْنَا بِالْفَضْلِ جَوَادًا وَبِالْخَيْرِ عَوَّادًا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلٰوةً دَآئِمَةً لَا تُحْصٰی وَلَا تُعَدُّ وَلَا يُقَدِّرُ قَدْرَهَا غَيْرُكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

تیسری فصل رمضان المبارک کے فضائل و اعمال میں ہے

شیخ صدوق رحمۃ اللہ علیہ نے بسند معتبر امام رضا علیہ السّلام اور آنحضرت نے آباء و اجداد کے واسطہ سے حضرت امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ایک دن جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ نے ہمارے لئے خطبہ پڑھا اور فرمایا۔ اے لوگو۔ کہ تمہاری طرف بابرکت رحمت دار اور گناہوں کے معاف ہونے کا مہینہ آرہا ہے یہ وہ مہینہ ہے کہ خدا کے نزدیک سب مہینوں سے بہتر اور جس کے دن باقی مہینوں کے دنوں اور جس کی راتیں باقی راتوں اور جس کی گھڑیاں باقی گھڑیوں سے بہتر ہیں۔ یہ وہ مہینہ ہے کہ جس میں خداوند عالم نے تمہیں اپنی مہمان نوازی کی طرف دعوت دی ہے اور جس میں تمہیں خدا نے صاحبانِ کرامت سے قرار دیا ہے تمہارا اس میں سانس لینا تسبیح کا اور اس میں سونا عبادت کا ثواب رکھتا ہے۔ تمہارے اعمال اس میں قبول کئے جاتے اور دعائیں بر لائی جاتی ہیں پس تم ٹھیک نیّت اور گناہوں اور بری صفات سے پاک و پاکیزہ دل سے خداوند عالم سے اس میں سوال کرو کہ خداوند عالم تمہیں اس کے روزے

وَصَفْتُ وَمَا لَمْ اَصِفْ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اٹھارہویں کلینیؒ نے بسند معتبر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ کہ جو شخص ہر روز صبح اس دعا کو پڑھے تو اسے اس دن کوئی چیز بھی ضرر نہیں پہنچائے گی اور جو شخص اسے ہر شام کو پڑھے تو اسے اس رات کوئی چیز ضرر نہیں پہنچائے گی انشاء اللہ تعالیٰ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَصْبَحْتُ فِیْ ذِمَّتِكَ وَجِوَارِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَوْدِعُكَ دِيْنِیْ وَنَفْسِیْ وَدُنْيَایَ وَاٰخِرَتِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ وَاَعُوْذُ بِكَ يَا عَظِيْمُ مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ جَمِيْعًا وَّاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا يُبْلِسُ بِهٖ اِبْلِيْسُ وَجُنُوْدُهٗ

انیسویں کلینیؒ نے ایک ایسی سند سے جو صحیح کی طرح ہے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ حضور مجھے ایک ایسی دعا تعلیم فرمائیے کہ جسے میں ہر دن صبح اور شام کو پڑھوں

رکھنے اور قرآن مجید کی تلاوت کرنے کی اسمیں توفیق عنایت فرمائے کیونکہ جو شخص اس بڑے مہینے میں اللہ کی بخشش سے محروم رہیگا وہ بدبخت اور عاقبت خراب ہوگا اور اس مہینے کی بھوک اور پیاس سے قیامت کی بھوک اور پیاس کو یاد کرو۔ اپنے مساکین اور فقراء کو صدقہ دو اور اپنے بوڑھوں کی تعظیم اور چھوٹوں پر رحم اور رشتہ داروں پہ مہربانی کرو۔ اپنی زبانوں کو ان چیزوں سے جو نہیں کہنی چاہیئں محفوظ رکھو اور اپنے نگاہوں کو جن کا دیکھنا تمہارے لئے حلال نہیں بند کرو۔ اور جن چیزوں کا تمہارے لئے سننا حلال نہیں اپنے کانوں کو انسے بچاؤ۔ اور لوگوں کے یتیموں پر رحم کرو تاکہ لوگ تمہارے بعد تمہارے یتیموں پر رحم کریں اور اپنے گناہوں سے توبہ کرکے اللہ کی طرف توجہ کرو اور نمازوں کے وقت میں اپنے ہاتھوں کو دعا کے لئے بلند کرو کیوں کہ نماز کا وقت بہترین وقت ہے اور اللہ تعالےٰ رحمت کی نگاہ اس وقت میں اپنے بندوں کی طرف کرتا ہے اور ان بندوں کا جواب اس وقت میں دیتا ہے جو اس ذات اقدس سے مناجات کرتے ہیں اور ان بندوں کو جو اس وقت میں اللہ تعالےٰ کو پکارتے اور بلاتے ہیں لبیک کے ساتھ جواب عنایت فرماتا ہے۔ اے لوگو۔ تحقیق تمہاری جانیں گروی پڑی ہوئی ہیں اللہ سے بخشش طلب کرکے چھوڑانے کی کوشش کرو اور تمہاری پیٹھیں گناہوں کی وجہ سے بھاری ہوچکی ہیں انہیں زیادہ سجدے بجالا کر ہلکا کرنے کی کوشش کرو کیونکہ خداوند عالم نے اپنی عزت اور عظمت کی قسم کھا رکھی ہے کہ اس مہینے میں سجدے کرنے والوں اور نماز پڑھنے والوں کو عذاب نہ کرے اور قیامت میں انہیں جہنم کی آگ سے نہ ڈرائے۔ اے لوگو، جو شخص اس مہینے میں کسی مومن کا روزہ افطار کرائے تو اس کے لئے اس کا ثواب ایک غلام کا آزاد کرنا اور سابقہ گناہوں کا بخشا جانا ہوگا، آپ کے اصحاب میں سے بعض نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم سب لوگ تو اس پر قدرت نہیں رکھتے تو آپؐ نے فرمایا کہ تم آدھے کھجور یا ایک گھونٹ شربت کے افطار میں دینے سے بھی جہنم کی آگ سے اپنے آپ کو بچاؤ کیونکہ خداوند عالم یہی ثواب اس کو عنایت فرمائے گا جو اس سے زیادہ پر قدرت رکھتا ہو۔ اے لوگو، جو شخص اس مہینے میں اپنے اخلاق کو ٹھیک کرے تو اسے خداوند عالم قیامت کے دن صراط (پل) سے آسانی سے گذار دے گا جب کہ لوگوں کے قدم وہاں پھسل رہے ہونگے اور جو شخص اپنے غلام اور لونڈی سے اس مہینے میں کم خدمت لے تو خداوند عالم قیامت کے دن اس کا حساب وکتاب آسانی سے لے گا اور جو شخص اس مہینے میں کسی یتیم پر مہربانی اور عزت کی نگاہ سے دیکھے تو خداوند عالم اس شخص کو قیامت کے دن عزت کی نگاہ سے دیکھے گا اور جو شخص اس مہینے میں اپنے اقرباء کے ساتھ احسان اور صلہ رحمی کرے تو خداوند عالم اس پر قیامت کے دن اپنی رحمت وصل فرمائے گا اور جو شخص اس مہینے میں اپنے اقرباء سے احسان قطع کردے تو خداوند عالم اس سے اپنی رحمت کاٹ لے گا۔ اور جو شخص اس مہینے میں سنتی نمازیں پڑھے تو خداوند عالم قیامت کے دن اس کے لئے جہنم سے برأت نامہ عنایت فرمائے گا اور جو شخص اس مہینے میں اپنی واجب نمازیں بجا لائے تو

صبح و شام کی دعائیں

تو آپ نے فرمایا اس دعا کو پڑھا کیجئے (اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ یَفْعَلُ مَا یَشَاۤءُ وَلَا یَفْعَلُ مَا یَشَاۤءُ غَیْرُہٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَمَا یُحِبُّ اللّٰہُ اَنْ یُّحْمَدَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْنِیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ اَدْخَلْتَ فِیْہِ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ وَاَخْرِجْنِیْ مِنْ کُلِّ سُوْۤءٍ اَخْرَجْتَ مِنْہُ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

بیسویں بلد الامین میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سے روایت کی ہے کہ جو شخص ہر صبح سات دفعہ اس دعا کو پڑھے تو وہ اس دن کی مصیبتوں اور بلاؤں سے محفوظ رہے گا فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اِنَّ وَلِیَّ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ

خداوند عالم اس کے اعمال کے پلڑے کو بھاری کردے گا جبکہ لوگوں کے اعمال کے پلڑے ہلکے ہونگے اور جو شخص اس مہینے میں قرآن مجید کی ایک ایت پڑھے تو اس کے لئے دوسرے مہینوں میں قرآن کے ختم کرنے کا ثواب خداوند عالم عنایت فرمائے گا۔ اے لوگو، تحقیق جنت کے دروازے اس مہینے میں کھلے پڑے ہیں پس اللہ تعالیٰ سے سوال کرو کہ انہیں تم پر بند نہ کرے، اور جہنم کے دروازے اس مہینے میں بند پڑے ہیں پس اللہ تعالیٰ سے سوال کرو کہ انہیں تم پر نہ کھولے اور شیطانوں کو اس مہینے میں زنجیروں سے جکڑا جا چکا ہے پس اللہ تعالیٰ سے سوال کرو کہ انہیں تمہارے اوپر مسلط نہ کرے الخ شیخ صدوق رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے کہ جب ماہ رمضان المبارک کا مہینہ داخل ہوتا تھا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم تمام قیدیوں کو رہا کر دیتے تھے اور ہر ایک سائل کو عطا فرماتے تھے

